24-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی حکومت نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ اس سال توقع ہے کہ تقریباً 75 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔

۲۔ مرکزی کابینہ نے ریلوے کے ملازمین کیلئے 78 دن پر مشتمل بونس منظور کیا ہے۔ اس کے علاوہ پانچ ہزار پی جی میڈیکل نشستیں اور میڈیکل کالجوں اور دواخانوں میں پانچ ہزار 23 ایم بی بی ایس سیٹوں کو بھی منظوری دی۔

۳۔ بین الاقوامی فصل تحقیقاتی ادارہ برائے نیم خشک علاقے (ICRISAT) نے دیگر اداروں کے تعاون سے مونگ پھلی میں تنے کے سڑنے کی بیماری سے بچاؤ کے لیے 13 جینومک حصے اور 145 جینز کی نشاندہی کی ہے۔

اور

۴۔ ریاست کے بعض اضلاع میں آئندہ چار دن کے دوران کہیں کہیں شدید سے انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔

ICRISAT

بین الاقوامی فصل تحقیقاتی ادارہ برائے نیم خشک علاقے (ICRISAT) نے دیگر اداروں کے تعاون سے مونگ پھلی میں تنے کے سڑنے کی بیماری سے بچاؤ کے لیے 13 جینومک حصے اور 145 جینز کی نشاندہی کی ہے۔ یہ تحقیق "پلانٹ جینوم" جرنل میں شائع ہوئی ہے۔ آج جاری کردہ اعلامیہ میں آئی سی آر آئی سی اے ٹی نے بتایا کہ یہ دریافت نئی اقسام کی بیماری سے محفوظ مونگ پھلی پیدا کرنے کے مواقع فراہم کرے گی، جس سے کسانوں کے خطرات کم ہوں گے اور دنیا بھر میں غذائی تحفظ و غذائیت کو تقویت

ملے گی۔ مونگ پھلی تیل دار بیج ہونے کے ساتھ پروٹین سے بھرپور پھلی بھی ہے جو دنیا بھر میں 3 کروڑ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر کاشت کی جاتی ہے۔ یہ فصل ایشیا اور افریقہ خصوصاً بھارت جیسے ممالک کی غذائی ضروریات، آمدنی اور تجارت میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ اس تحقیق پر اظہار خیال کرتے ہوئے آئی سی آر آئی سی اے ٹی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ہمنشو پاٹھک نے کہا کہ یہ کامیابی کسانوں اور قومی معیشت کو سالانہ کروڑوں ڈالر کے نقصان سے بچا سکتی ہے جو تنے کے سڑنے کی بیماری کی وجہ سے پیداوار میں کمی کی صورت میں ہوتے ہیں۔

## SWACHATA:

سوا چھتا ہی سیوا مہم کے حصے کے طور پر پریس انفارمیشن بیورو اور سنٹرل بیورو آف کمیونیکیشن، حیدرآباد کے عہدیداروں اور ارکان عملے نے آج صفائی کا عہد لیا۔ دونوں محکموں کی ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل شروتی پٹیل نے عہد دلایا۔ اس دوران صفائی سے متعلق فلمیں بھی جاری کی گئیں۔ اس تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر پی آئی بی مانس کرشن کانت اور ڈپٹی ڈائریکٹر سی بی سی کرینا بی تھینگام بھی شریک تھیں۔

## SPECIAL TRAINING:

ریاست کے 12 اضلاع کے 100 سے زائد پولیس ملازمین نے 3 روزہ ریفریشر کورس میں شرکت کی۔ اس کورس کا موضوع 'اسمارٹ پولیسنگ — ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز، سائبر سکیورٹی اور مصنوعی ذہانت' تھا، جو میڈچل پولیس ٹریننگ کالج میں منعقد ہوا۔ کالج کے پرنسپل پی . مدھوکر سوامی نے بتایا کہ اس پروگرام کا مقصد پولیس افسران کی ڈیجیٹل مہارتوں میں اضافہ کرنا اور جدید پولیسنگ کے نئے طریقے سکھانا تھا۔ اس تربیتی کورس میں عملی رہنمائی فراہم کی گئی اور مختلف محکموں کے درمیان تعاون کو فروغ دیا گیا۔

## RECORD BATHUKAMMA:

گنیز ورلڈ بک ریکارڈ میں شامل بتکما فیسٹیول، جو اس ماہ کی 28 تاریخ کو ہونا تھا، اب 29 ستمبر کو منعقد ہوگا۔ محکمہ سیاحت نے یہ اطلاع دی ہے۔ مسلسل بارش کے باعث یہ پروگرام ایل بی اسٹیڈیم کے بجائے حیدرآباد کے سنجیویا اسٹیڈیم میں منعقد کیا جائے گا۔

MEDICAL:

مرکزی کابینہ نے میڈیکل تعلیم کے شعبے میں ایک بڑا اقدم اٹھاتے ہوئے مرحلہ سوم کے تحت 'مرکزی اسپانسرڈ اسکیم' (CSS) کو منظوری دی ہے۔ اس اسکیم کے تحت ملک بھر میں سرکاری میڈیکل کالجز، اسٹینڈ الون پی جی انسٹی ٹیوٹس اور سرکاری اسپتالوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا تاکہ مزید 5 ہزار پوسٹ گریجویٹ نشستوں کا اضافہ کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ سرکاری میڈیکل کالجز میں ایم بی بی ایس کی 5 ہزار 23 اضافی نشستوں کے قیام کی بھی منظوری دی گئی ہے، جس پر فی نشست ایک کروڑ 80 لاکھ روپے تک خرچ کیا جائے گا۔ حکومت کے مطابق اس اقدام سے میڈیکل تعلیم کی گنجائش بڑھے گی، اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کی فراہمی میں اضافہ ہوگا اور نئی اسپیشیالٹیز متعارف کرائی جائیں گی۔ اس منصوبے پر آئندہ چار برسوں میں مجموعی طور پر 15 ہزار 34 کروڑ روپے خرچ ہوں گے، جن میں سے 10 ہزار 303 کروڑ روپے مرکزی حکومت برداشت کرے گی۔

SEVA PARV - WAVES:

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت خدمت اور شفاف طرز حکمرانی (Seva & Sushasan) کے منتر پر عمل کرتے ہوئے جدت، تخلیق اور ٹیکنالوجی کو فروغ دے رہی ہے۔ اس سلسلے میں 'ورلڈ آڈیو ویژول اینٹرٹینمنٹ سمٹ' (WAVES) کا انعقاد ممبئی میں کیا گیا، جس کا مقصد ملک کو میڈیا اور تفریحی صنعت کا عالمی مرکز بنانا ہے۔ وزیراعظم نے افتتاحی خطاب میں کہا کہ ہندوستان کی تخلیقی معیشت ملک کی جی ڈی پی میں مثبت کردار ادا کرسکتی ہے۔

SOUND BYTE PM

اس موقع پر ممتاز اداکار عامر خان نے بھی حکومت کے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ یہ مستقبل میں تخلیقی صنعت کے لیے ایک روشن سمت طے کرے گا۔

SOUND BYTE AMIR KHAN

ماہرین کے مطابق WAVES نے میڈیا اور تفریحی دنیا کے مستقبل پر دیرپا اثرات ڈالے ہیں اور ملک کو عالمی سطح پر تخلیقی معیشت کا قائد بنانے کی راہ ہموار کی ہے۔

RAILWAYS:

وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ نے ریلوے ملازمین کی شاندار کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے 10.91 لاکھ ملازمین کو پیداواری بونس (Productivity Linked Bonus) دینے کی منظوری دی ہے۔ یہ بونس 78 دن کی اجرت کے برابر ہے جس پر کل خرچ 1965.68 کروڑ روپے آئے گا۔ ہر اہل ملازم کو زیادہ سے زیادہ 17,951 روپے بطور بونس ملیں گے۔ یہ بونس ہمیشہ درگا پوجا اور دسہرہ کے موقع پر دیا جاتا ہے۔اس سال بھی ٹریک مینٹینرز، لوکو پائلٹس، ٹرین مینیجرز (گارڈز)، اسٹیشن ماسٹرز، سپروائزرز، ٹیکنیشنز، ہیلپرز، پوائنٹس مین، وزارتی عملہ اور دیگر گروپ 'سی' کے ملازمین کو یہ فائدہ ملے گا۔

INVESTMENTS:

ریاستی آئی ٹی وزیر بی سریدر بابو نے کہا کہ سال کے اختتام تک ریاست میں سرمایہ کاری 75 ملین ڈالر سے تجاوز کر جائے گی۔ حیدرآباد میں ایچ سی اے ہیلتھ کیئر گلوبل کیپیبلٹی سینٹر کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان سرمایہ کاریوں سے 1200 لوگوں کو روزگار ملے گا اور آئندہ سال تک یہ مواقع 3000 تک بڑھ جائیں گے۔ایچ سی اے ہیلتھ کیئر بنیادی طور پر امریکہ اور برطانیہ میں 190 اسپتال چلاتی ہے جہاں 3.1 لاکھ ملازمین کام کرتے ہیں اور سالانہ آمدنی 70 ارب ڈالر ہے۔

WOMEN SHGs:

خواتین وترقی کی وزیر انسویا سیتھا کا نے کہا کہ ریاست میں 67 لاکھ خواتین سیلف ہیلپ گروپس کے

ذریعے کاروباری بن چکی ہیں۔انہوں نے بنجارہ ہلز، حیدرآباد میں 93 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر شدہ مہلا بھون کا افتتاح کیا۔وزیر نے بتایا کہ حکومت نے خواتین کو مالی طور پر مضبوط کرنے کے کئی اقدامات کیے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ حادثات میں جاں بحق ہونے والے 410 خاندانوں کو 41 کروڑ روپے بطور انشورنس دیے گئے ہیں۔اس موقع پر انہوں نے 30 لاکھ روپے کی لاگت سے آنگن واڑی بھون کی سنگ بنیاد بھی رکھی۔

TOURISM:

سیاحت کے وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے کہا کہ شعراء اور فنکار سماجی بیداری پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے حیدرآباد میں بتکماں تقریبات کے حصے کے طور پر ایک " کوی سمیلنم " کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے ریاستی تحریک اور آزادی کی جدوجہد میں شعراء اور فنکاروں کے کردار کو یاد کیا اور تلگو ادب کی عظیم تاریخ کا تذکرہ کیا۔

GROUP -1:

ریاستی ہائی کورٹ نے گروپ 1 کے نتائج کے معاملہ میں اپنی سنگل جج بنچ کی ہدایات پر حکم التوا برقرار رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ڈویژنل بنچ نے اِس معاملہ کی اگلی سماعت آئندہ ماہ کی 15 تاریخ تک کیلئے ملتوی کر دی جیسا کہ تلنگانہ اسٹیٹ پبلک سرویس کمیشن کی جانب سے اس سلسلہ میں ایک درخواست داخل کی گئی تھی۔ایڈوکیٹ جنرل سدرشن ریڈی نے حکومت کی جانب سے پیروی کی۔

BJP

نو تشکیل شدہ ریاستی بی جے پی کی پہلی میٹنگ حیدرآباد میں منعقد ہوئی جس میں مختلف پروگراموں اور مستقبل کے منصوبوں پر بات چیت کی گئی۔ پارٹی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے اِس میٹنگ کی صدارت کی۔ جنرل سکریٹری گوتم راؤ نے بتایا کہ میٹنگ میں اس ماہ کی 17 تاریخ سے آئندہ ماہ کی 17

تاریخ تک سیوا سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میٹنگ میں جی ایس ٹی 2.0 اصلاحات پر بھی بات چیت کی گئی جبکہ صدر نے لیڈرس سے کہا کہ اِن اصلاحات کے فوائد سے عوام کو واقف کرایا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ اس ماہ کی 30 تاریخ کو ہائی ٹیک سٹی میں میرا دیش پہلے کے زیرعنوان کلچرل پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ میٹنگ میں ریاست میں منعقد ہونے والے پنچایت انتخابات کے تعلق سے بھی بات چیت کی گئی۔

SNSP

مرکزی وزارتِ صحت، خاندان بہبود اور خواتین اطفال کے پروگرام سوستھ ناری پرویوار ابھیان کے تحت حیدرآباد میں واقع مختلف سی جی ایچ ایس ویلنس سنٹرس پر مختلف ہیلتھ اور شعور بیداری پروگرام منعقد کئے گئے۔ حیدرآباد کے سی جی ایچ ایس ویلنس سنٹر، سی جی او ٹاورس میں کینسر کی اسکریننگ کا بھی کیمپ منعقد ہوا۔ ڈاکٹر پردیپ، سینئر سی ایم او نے بتایا کہ ہیلتھ چیک اَپ کے علاوہ ماہرین کی جانب سے چھاتی اور سرویکل کینسر کے تعلق سے کونسلنگ کی گئی۔ ڈاکٹر جوتی جوناد ولا نے اس بات پر زور دیا کہ کینسر کے ٹھوس علاج میں قبل از وقت پتہ چلانا اہمیت کا حامل ہے۔

SNSP:

کھمم میں 39 ہیلتھ کیمپس منعقد ہوئے جہاں تقریباً 30 ہزار خواتین نے استفادہ کیا۔ ان ہیلتھ کیمپوں میں آنے والی خواتین نے آکاش وانی کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے اپنے تجربات بیان کئے۔

SOUND BYTE Sandhya and Balamma

محبوب نگر میں اسسٹنٹ سیول سرجن ڈاکٹر کرشنا نے آکاش وانی کو بتایا کہ ایس این ایس پی کے تحت خواتین کی طبی جانچ پر توجہ دیتے ہوئے مختلف میڈیکل کیمپس منعقد کئے جارہے ہیں۔

Sound Byte Krishna

WEATHER:

تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آئندہ 4 دن کے دوران شدید سے انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے بتایا کہ اضلاع عادل آباد، نظام آباد، پداپلی ،ملگو اور دیگر اضلاع میں کل کہیں کہیں شدید بارش ہوسکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے ان اضلاع کیلئے کل آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ کانگریس اپنے انتخابی وعدوں کو پورا نہیں کررہی ہے۔انہوں نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ابھیان ہستم اعلامیہ کوفوری نافذ کیا جائے۔

OO